**Learning from home in case of school closures**

**Information for parents and carers**

# سکول بند ہو جانے کی صورت میں گھر پر تعلیم

## والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

اگر آپ کے بچے کے سکول کو بند ہونا پڑا تو سکول اپنے معمول کے طریقوں (جو کہ ای میل، SMS، ویب سائیٹس ہو سکتے ہیں) سے گھرانوں سے رابطہ کرے گا۔

اگر سکول لمبا عرصہ بند رہے تو سکول آپ کے بچے کے لیے تعلیمی سرگرمیاں فراہم کرنا جاری رکھے گا جنہیں بچہ گھر پر کرے گا اور سکول آپکے ساتھ بچے کی تعلیم کے بارے میں بات چیت کرے گا۔

سٹیٹ بھر میں کئی سکولوں میں اساتذہ پہلے ہی آن لائن ذرائع استعمال کرتے ہوئے تعلیمی سرگرمیوں کی فراہمی اور انتظام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ کچھ سکول آپکے بچے کی مزید یا تمام تعلیمی سرگرمیوں کو آن لائن بنا سکتے ہیں۔ اس میں کچھ لائیو سیشنز شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ یا آپکے سکول کے پاس ڈیجیٹل یا آن لائن سہولیات نہ ہوں تو سکول نان ڈیجیٹل تدابیر استعمال کریں گے۔ اس میں آپکے بچے کے ہاتھ یا بذریعہ ڈاک مشقوں کے پرچے، درسی کتب یا USB ڈرائیوز میں ڈیجیٹل مشقوں کے پرچے اور وڈیوز گھر پر بھیجنا شامل ہو سکتا ہے۔

اساتذہ گروپوں میں یا ہر طالبعلم کو الگ فون کر کے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

معلوماتی پرچے سے آپ کو سمجھنے میں مدد ملے گی کہ آپ اپنے بچے کو گھر پر تعلیم میں کیسے مدد دے سکتے ہیں جس میں یہ بھی شامل ہے:

- آپکی ذمہ داریاں – کچھ ایسے کام ہیں جو آپکو اپنے بچے کو گھر پر تعلیم میں مدد دینے کے لیے کرنے ہوں گے جیسے معمولات طے کرنا، پرسکون جگہ مہیا کرنا اور پوچھنا کہ بچے کی پڑھائی کیسی جا رہی ہے۔
- آپکے بچے کی ذمہ داریاں – آپکے بچے کو بھی ان معمولات پر عمل کرنا ہو گا جو اس کے لیے بنائے گئے ہیں اور اپنی بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے وہ کام مکمل کرنے ہوں گے جو استاد نے دیے ہیں۔
- بچے کے دن کا پلان کیسے بنایا جائے – آپکے سکول کو چاہیے کہ آپکو کچھ مشورہ اور ایک گائیڈ دے کہ بچے کو دن کے دوران کیا کرنا چاہیے۔
- بچے کی فلاح کا خیال رکھنا – آپکو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ بچے کو وقفے ملیں، بچہ پانی پیے اور ذہنی دباؤ یا گھبراہٹ کا شکار نہ ہو۔
- بات چیت – یہ اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ باقاعدگی سے اس کی تعلیم پر بات کریں۔ آپکے بچے کا استاد اور/یا سکول آپکے ساتھ بات چیت کرے گا اور بتائے گا کہ آپ ان سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- ٹیکنالوجی اور سکرین ٹائم استعمال کرنا – یہ اہم ہو گا کہ آپ اپنے بچے کے محفوظ طور پر ٹیکنالوجی استعمال کرنے پر نظر رکھیں اور اس وقت کی حد مقرر کریں جو وہ آن لائن گزارتا ہے۔

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر اپنا سوال پوچھنے کے لیے آپکو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔